2018年6月13日ジャング紙ラホール版3面

توقع ہے امریکی اور شمالی کوریائی صدور کی ملاقات امن کا سبب بنے گی، پاکستان

پاکستان جزیرے نما کوریا میں قیام امن کے لیے تمام کوششوں کی مسلسل حمایت کررہا ہے، ترجمان وزارت خارجہ

اسلام آباد (نامہ نگار خصوصی) پاکستان نے سنگاپور میں امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور شمالی کوریا کے رہنما کم جونگ ان کے درمیان منگل کو ہونے والی ملاقات کو خوش آئند قرار دیا ہے۔ وزارتِ خارجہ کے ترجمان نے کہا ہے کہ پاکستان جزیرے نما کوریا میں قیامِ امن کے لیے تمام کوششوں کی مسلسل حمایت کر رہا ہے۔ پاکستانی وزارتِ خارجہ کے ترجمان محمد فیصل نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے ایک پیغام میں کہا ہے کہ توقع ہے کہ یہ ملاقات خطے میں امن واستحکام کا سبب بنے گی۔ سنگاپور کے جزیرے سینتوسا کے ایک ہوٹل میں ہونے والی اس ملاقات کو تاریخی قرار دیا جا رہا ہے اور دنیا کے بیشتر ملکوں نے اس کا خیر مقدم کیا ہے۔ پاکستان کا یہ مؤقف رہا ہے کہ خطے کی صورتِ حال میں بہتری سے نہ صرف خطے بلکہ عالمی امن کے لیے کی جانے والی کوششوں کو بھی تقویت ملے گی۔ پاکستان نے شمالی کوریا کے رہنما کم جونگ اُن اور جنوبی کوریا کے صدر مون جائے ان کے درمیان اپریل کے اواخر میں ہونے والی ملاقات کا بھی خیر مقدم کیا تھا اور اسے خطے میں دیرپا امن، استحکام اور دوطرفہ تعاون کی جانب اہم پیش رفت قرار دیا تھا۔ شمالی و جنوبی کوریا کے سربراہان کی یہ ملاقات 27 اپریل کو ایک سرحدی گاؤں میں ہوئی تھی۔